برائے پہلی سہ ماہی

جائزہ

۱۔ دیے گئے جُملے پڑھیے اور دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) نادر ہر کام میں دکھاتا تھا:

○ دل چسپی ○ پھرتی ○ سُستی ○ چُستی

(ب) دنیا بھر کی نمک کی کانوں میں کھیوڑا کی کانوں کا نمبر ہے:

○ پہلا ○ تیسرا ○ چوتھا ○ دوسرا

(ج) کھیوڑا کی کان میں مسجد کی اینٹیں بنی ہوئی ہیں:

○ سیمنٹ سے ○ مٹّی سے ○ نمک سے ○ ریت سے

(د) یومِ آزادی پر بچّے سجا رہے تھے، اپنے:

○ کمرے ○ محلّے ○ گھر ○ باغ

(ہ) پاکستانی پرچم میں سفید رنگ نمائندگی کرتا ہے:

○ بچّوں کی ○ عورتوں کی ○ اقلیّتوں کی ○ آبادی کی

۲۔ دیے گئے سوالوں کے جوابات لکھیے۔

(ا) نادر کے بابا نے بچّوں سے کس چیز کا وعدہ لیا؟

(ب) اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں میں سے کسی پانچ کے نام لکھیے۔

(ج) نادر اسکول دیر سے کیوں آتا تھا؟

(د) کھیوڑا کی نمک کی کان کے اندر دیکھنے کے لیے کیا کچھ بنایا گیا ہے؟

(ہ) قومی پرچم کا احترام کس طرح کرنا چاہیے؟ کوئی دو باتیں لکھیے۔

۳۔ دی گئی خالی جگہوں میں دُرست عددی ترتیب لکھیے۔

پہلا		پہلے
	دوسری	دوسرے
تیسرا	تیسری	

۴۔ خالی جگہ میں دُرست جمع لکھ کر جُملے مکمل کیجیے۔

(ا) میری ________ کہاں ہیں۔ (کتاب)

(ب) نادر ________ لایا ہے۔ (انڈا)

(ج) آسمان پر ________ ہیں۔ (تارا)

(د) جماعت کی ________ کہاں گئیں؟ (لڑکی)

(ہ) میرے کمرے میں چار ________ ہیں۔ (میز)

۵۔ دیے گئے جُملوں میں سے کلمہ اور مہمل الگ کر کے دُرست کالم میں لکھیے۔

جُملے	کلمہ	مہمل
بچّوں نے خوب شور شرابا کیا۔		
نادر نے جلدی جلدی روٹی ووٹی کھائی۔		
بانو مٹکے میں پانی وانی لے کر آئی۔		
چڑیاں دانا وانا کھارہی تھیں۔		
دادا جان نے گپ شپ لگائی۔		

٦۔ دیے گئے الفاظ کو جُملوں میں استعمال کیجیے۔

الفاظ	جُملے
خالق	
مہربان	
وقت	
سیر	
خوب صورت	